© rasailojaraid.com



# حسنِ انتقاد

ادارہ

(تبصرہ: کفیل بخاری)

## اسامہ بن لادن
مجاہد یا دہشت گرد
مرتب: ابنِ عطاء
ضخامت: ۱۹۲ صفحات
قیمت: =/۱۰۰ روپے
ملنے کا پتہ: الفیصل اردو بازار لاہور

اسامہ بن لادن......... مجاہدینِ اسلام کے عظیم ہیرو ہیں اور اس وقت یہود و نصاریٰ خصوصاً امریکہ کے خلاف جہاد کی سب سے بڑی علامت ہیں۔ ان کی شخصیت پر اخبارات و رسائل میں بہت کچھ لکھا گیا۔ مخالفت میں بھی اور موافقت میں بھی۔ مختلف لوگوں نے انہیں اپنے اپنے انداز میں سمجھنے اور ان کی شخصیت کو پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ اسامہ کی شخصیت پر حال ہی میں شائع ہونے والی کتاب "اسامہ بن لادن، مجاہد یا دہشت گرد"؟ اس وقت ہمارے پیشِ نظر ہے۔ جناب ابنِ عطاء نے مختلف اخبارات اور رسائل و جرائد میں اسامہ کی شخصیت پر شائع ہونے والے مضامین اور انٹرویو کا ایک خوبصورت انتخاب کیا ہے۔ لکھنے والوں میں ورنن لیوب، مائیکل گرولڈ، حامد میر، جان ملر، روف طاہر، پیٹر آرنٹ، سنیٹر شفقت محمود، خوشنود علی خان، مستنصر جاوید، ہارون الرشید، جنرل اسلم بیگ، جاوید صدیق اور دیگر لوگ شامل ہیں۔ اس کتاب میں اس سوال کا شافی جواب موجود ہے کہ اسامہ مجاہد ہے یا دہشت گرد؟ آج کے اس سلگتے ہوئے موضوع پر نہایت معلومات افزا اور زندہ کتاب ہے۔

---

ترحیم

# مسافرانِ آخرت

ادارہ

**جام خمیس مرحوم:** دفتر احرار ملتان کے سابق خادم حافظ شاہ محمد چوہان کے والد اور جماعت کے معاون جناب جام خمیس صاحب چوہان ۲۵ ستمبر کو انتقال کر گئے۔

**مولانا عبدالعزیز مرحوم:** مدرسہ عزیزیہ العلوم شجاع آباد کے مہتمم ممتاز عالم دین مولانا عبدالعزیز رحمہ اللہ ۳۰/اکتوبر کو شجاع آباد میں انتقال کر گئے۔

**مولانا عبدالبر محمد قاسم کو صدمہ:** مدرسہ قاسم العلوم کے مہتمم مولانا عبدالبر محمد قاسم کی اہلیہ اور مکتبہ قاسمیہ کے مالک محمد زبیر کی والدہ ماجدہ ۳۱/اکتوبر کو ملتان میں انتقال کر گئیں۔

**نبی بخش صاحب مرحوم:** مجلس احرار اسلام تلہ گنگ کے رہنما محترم ماسٹر محمد یٰسین صاحب کے برادر بزرگ جناب نبی بخش صاحب گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔ اراکینِ ادارہ مرحومین کے لئے دعاء مغفرت کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہارِ ہمدردی کرتے ہوئے ان کے لئے صبر کی دعاء کرتے ہیں۔ قارئین سے بھی درخواست ہے کہ وہ دعاءِ مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com